EXTRAORDINARY GAZETTE
RAMPUR STATE

غیر معمولی گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیٰحضرت حضور پرنور دام اقبالہم

نمبر ۱	مطبوعہ روز یکشنبہ تاریخ ۳ ربیع الاول ۱۳۲۹ھ مطابق ۵ مارچ ۱۹۱۱ء	جلد ۲۳

حکم اجلاس صاحب ہوم سکرٹری بہادر
واقع ۲۵ فروری سنہ ۱۹۱۱ء

مثبتہ روبکار صاحب افسر اعلیٰ مردم شماری

اجلاس ہمایوں میں اشتہار سوار طلبی کی درخواست کیجائے۔ تجویز مناسب ہے۔ روبکار ہذا درج گزٹ غیر معمولی ہو۔ جج صاحب کو منظوری سے اطلاع دیجائے۔

روبکار اجلاس حاجی محمد علیخان صاحب بہادر ڈسٹرکٹ و سیشن جج افسر اعلیٰ مردم شماری
واقع ۲۰ فروری سنہ ۱۹۱۱ء

حسب ہدایت موصولہ گورنمنٹ اب کی مرتبہ مردم شماری ۱۰ و ۱۱ مارچ سنہ ۱۹۱۱ء کے درمیان کی رات میں جو یوم جمعہ کے ختم پر رات ہوگی شہر اور متعلقات میں ساڑھے سات بجے شام کو مردم شماری شروع ہوگی اور بارہ بجے ختم۔ اسکے انتظام کی بابت اُمور ذیل کی مثل مردم شماری سابق

ضرورت ہوگی۔

متعلق مینوسپلٹی شہر رامپور

شہر کی میزان بارہ بجے تک دفتر مردم شماری مین پہنچ جانی چاہیے۔ جو چارج سپرنٹنڈنٹ خود لاوینگے۔ چارج سپرنٹنڈنٹان شہر کیواسطے آنکی تجویز پر صاحبزادہ توسل حسین خان۔ کچہری صفائی منشی نذیر احمد میر بخشی مکان امین خان جمعدار صفائی۔ بطور ہیڈ کوارٹر کے منظور کیگئی ہین آنکو چاہیے کہ شب مذکور پر اپنے اپنے ہیڈ کوارٹر پر موجود رہین۔ اور ایسا انتظام اور کوشش کرین کہ ہر گرداور متعلقہ جہانتک جلد ممکن ہوسکے اپنے اپنے سرکل کی میزانین چارج سپرنٹنڈنٹ کے پاس جاے مقررہ پر پہنچاے۔

اسیطرح ہر شمارکنندہ بعد مغرب اپنی اپنی چک کی بہت ہوشیاری کے ساتھ جانچ کرکے اور چکون مین کمی بیشی کا اندراج کرکے اپنے گرداور کے پاس اُسجگہ جو اُسنے فراہمی چکون کے واسطے مقرر کی ہے چک اور میزانین پہنچاوین۔ گشت اول مین مردم شماری ہر شخص کی کرلی گئی ہے خواہ وہ ملازم فوج ہو یا سواران پولیس یا دیگر کارخانہ جات مگر شب شماری آخر مین یہ لوگ اپنی اپنی لین یا کارخانہ مین ہونگے۔ لہذا ہر شمارکنندہ کو چاہیے کہ جو شخص اُس شب کو بروقت جانچ اپنے گھر موجود نہ ہو تو اسکو خارج کردے چکون سے۔ چکون کی میزانونکا صحیح اندراج کرنیکا شمارکنندہ کا ذمہ ہے اور چکون کی میزانین اُٹھاکر ایک میزان قائم کرنیکا گرداور کا ذمہ ہے اسیطرح کل گرداورون کی صحیح میزانین قایم کرنیکا چارج سپرنٹنڈنٹ علاقہ کا ذمہ ہے۔

اس امر کا چارج سپرنٹنڈنٹ علاقہ و گرداور و شمارکنندہ پورا خیال رکھین اور اپنا ذمہ سمجھین کہ نہ فرضی میزانین پیش کیجاوین اور نہ غلط۔ اگر ایسا ہوا تو تینون قابل مواخذہ ہونگے۔

گرداور حلقہ اور چارج سپرنٹنڈنٹ علاقہ ایک نقشہ اپنے پاس مرتب کرینگے جسمین اس امر کا اندراج ہوگا کہ کس شمارکنندہ نے کسوقت اپنی چک گرداور حلقہ کو دی اور گرداور حلقہ نے اپنے سرکل کی میزان کسوقت چارج سپرنٹنڈنٹ علاقہ کو دے یہ سب نقشہ چارج سپرنٹنڈنٹ علاقہ اپنی رپورٹ کے ساتھ ہمارے ملاحظہ کے لئے دفتر مردم شماری مین بھیجیگا۔

جس شمارکنندہ کی میزان سب سے اول اپنے گرداور کے پاس اور جس گرداور کی سب سے اول میزان چارج سپرنٹنڈنٹ کے پاس پہنچیگی اُسکو پروانہ خوشنودی مزاج دیا جائیگا۔

اسیطرح جس چارج سپرنٹنڈنٹ کی علاقہ کی میزان اول دفتر مردم شماری مین پہنچیگی اُسکو پروانہ خوشنودی مزاج کے علاوہ پانچروپیہ انعام دیا جائیگا مگر اس امر کا سبکو لحاظ رہے کہ پروانہ خوشنودی مزاج اور روپیہ کے لالچ مین جلدی مین غلط اور فرضی کام نہ ہونے پاے۔

متعلق مفصلات

جو ہدایت اور جو انتظام میزانونکی چارج سپرنٹنڈنٹونکے پاس اپنے اپنے کوارٹر پر پہنچنے کا شہر مین کیا گیا ہے یہی مفصلات مین رہیگا صرف مفصلات مین اُسکو ذیل کا انتظام اور ہوگا۔

مفصلات کی میزانین بوجہ بعد فاصلہ بارہ بجے شب تک نہین آسکینگی بلکہ وہان کی میزانین صبح کے چار بجے تک پہنچینگی۔

اسکے لئے یہ انتظام کیا جاتا ہے کہ حسب صراحت مندرجہ ذیل ہر چارج سپرنٹنڈنٹ کے پاس اُسکے ہیڈ کوارٹر پر ایک سوار مقرر رہیگا۔ اور ایک ایک سوار اُسکے ہیڈ کوارٹر سے شہر تک درمیان مین مقام معینہ پر رہیگا۔

ہر چارج سپرنٹنڈنٹ کے پاس موافق انتظام مندرجہ بالا شہر کے ساتھ بجے

شام سے بارہ بجے تک مردم شماری ہو کر غایت ایک دو بجے شب تک میزانین پہنچ جانی چاہیئن۔ اور جب اُسکے پاس میزانین پہنچین تو فوراً اپنے چارج کی میزان سوار کے ہاتھ روانہ کرے اور وہ سوار بہت جلد درمیانی سوار کو میزان دے تاکہ وہ بہت تیز روانی کے ساتھ دفتر مردم شماری میز میزان پہنچا دے۔

جس چارج سپرنٹنڈنٹ کی اول میزان دفتر مردم شماری مین پہنچیگی اسکو علاوہ پروانہ خوشنودی مزاج کے پانچ روپیہ انعام دیا جائیگا۔ اور دوسرے نمبر کے پہنچنے والے کو پروانہ خوشنودی مزاج اور تین روپیہ انعام ملیگا اور باقی چارج سپرنٹنڈنٹ صرف خوشنودی مزاج کا پروانہ ملیگا مگر اس امر کا سب چارج سپرنٹنڈنٹ انتظام کرین کہ چار بجے صبح تک سب جگہ سے میزانین آجاوین۔ اگر اسکے بعد کسی کی میزان آئی تو نہ چارج سپرنٹنڈنٹ قابل انعام وعطاء پروانہ کے ہو اور نہ سوار بلکہ برعکس قابل مواخذہ ہونگے۔

جو سوار سب سے پہلے میزان دفتر مردم شماری مین پہونچائیگا اوسکو علاوہ دو روپیہ انعام دئے جاوینگے اگر بلحاظ فاصلہ دو سوار ہونگے تو دونون سوارونکو دو دو روپیہ انعام دئے جائینگے اور دوسرے نمبر پر جو سوار میزان پہونچائیگا اوسکو ایک روپیہ انعام ملیگا اور اگر بلحاظ فاصلہ دو سوار ہونگے تو دونون کو ایک ایک روپیہ انعام ملیگا۔

سوار اگر پہلے سے ایسا انتظام کر رکھین تو اونکے واسطے آسانی ہوگی کہ شب کے بارہ بجتے ہی ہر سوار مع گھوڑے کے تیار اور مستعد رہے جب اوسکو میزان ملے فوراً روانہ ہو جاوے۔

دفتر مردم شماری مین بھی ایک نقشہ مرتب رہیگا کہ جسمین جس چارج سپرنٹنڈنٹ یا جس سوار کی میزان پہونچیگی بقید وقت اور نام چارج سپرنٹنڈنٹ و سوار درج ہوتے رہینگے۔

سواران کی تقسیم بموجب فہرست منسلکہ روبکار ہذا ہوگی۔

مفصلات کیلئے بائیس ۲۲ سوار پولیس کے پہلے عنایت ہوئے تھے مردم شماری حال مین اٹھارہ ۱۸ سوارون کی ضرورت ہوگی یہ سوار ۵ مارچ سنہ ۱۹۱۱ء کو علی الصباح سررشتہ مردم شماری مین پہنچ جانے چاہیئن تاکہ اونکو ہر ایک جگہ تعینات کر دیا جاوے لیکن سوار مستعد اور جوان ہون اور انکے گھوڑے بھی لاغر نہون

حکم ہے کہ

بذریعہ سیل روبکار ہذا بخدمت جناب ہوم سکرٹری صاحب بہادر گذارش کیا جاوے کہ وقت مردم شماری گشت دویم بہت قریب آگیا ہے ایسا انتظام فرما دیا جاوے کہ اٹھارہ سوار ٹھیک ۵ مارچ سنہ ۱۹۱۱ء کو علی الصباح دفتر مردم شماری مین پہونچ جاوین اور جو تجویز انعامات روبکار ہذا مین تجویز کیگئی ہے اوسکی منظوری عنایت ہو امید ہے کہ اس لالچ مین کام نہایت مستعدی اور ہوشیاری سے اور صحیح اور وقت پر انجام پاویگا۔

اس روبکار کا جواب مجھے بہت جلد آخر فروری سنہ ۱۹۱۱ء تک عنایت فرمایا جاوے تاکہ مین دیگر انتظامات جو اُسکے متعلق اوپر درج کیے گئے ہین اونکا اجرا کرا دون اور ایک نقل اس روبکار کی درج گزٹ بھی فرما دیجاوے۔ فقط

دستخط حاجی محمد علی خان ... سپرنٹنڈنٹ
افسر اعلیٰ مردم شماری

فہرست مقامات تقسیم سواران جو آخر میزان مع فصلات سے لانیکے واسطے تعینات کئے جاینگے

نمبر شمار	نام تحصیل	نام چارج سپرنٹنڈنٹ	نام مینڈکوارٹر سپرنٹنڈنٹ جہان سوار مقرر کیا جائیگا	نام مقام جہان درمیان میں سوار مقرر کیا جائیگا
۱	حضور تحصیل	منشی گوہری پرشاد	سیگن کھیڑہ	+
۲	"	منشی حفظ الیار خان	منڈیان جو	+
۳	ٹانڈہ	منشی عبد الخالق	ٹانڈہ	لالپور
۴	سوار	منشی مصطفے حسین خان	سوار	بھوٹ بھتال
۵	"	منشی احمد علیخان	بھنگیان	بشرح صدر
۶	بلاسپور	منشی محمد حسین خان	ملاکھیڑہ	+
۷	"	منشی مظہر حسین خان	بیگم آباد	ملاکھیڑہ
۸	ملک	منشی مبارک علیخان	دھمورہ	+
۹	"	منشی سبحان خان	سہاری	چوکی سڑک مچرہ پرگنہ حضور تحصیل
۱۰	شاہ آباد	منشی ہری پرشاد	اریجا کاون	پٹوائی
۱۱	"	منشی جمیل احمد خان	شاہ آباد	نرائن پور پرگنہ حضور تحصیل